فرما دیجئے آسمانوں اور زمین میں رہنے
والوں میں سے کوئی بھی عالم الغیب نہیں (سورۃ نمل)

عائشہؓ فرماتی ہیں جو شخص تیرے سامنے بیان کرے کہ نبی ﷺ غیب جانتے ہیں تو یقین جھوٹا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا (بخاری ۱۰۹۸)

عالم الغیب کون ہے

مؤلف

مفتی رحمت اللہ امین صاحب

اس رسالہ میں بے شمار آیات قرآنی (۴۰) احادیث اور بہت سے مفسرین کے اقوال اور فقہ حنفی اور علمائے امت کے بے شمار کتابوں کے حوالے موجود ہیں۔ عام مسلمانوں کیلئے اور خاص کر علماء اور طلباء کیلئے انتہائی ضروری رسالہ ہے۔

دار العلوم دیوبند پشاور
ہریانہ روڈ ٹیوب ویل کورونہ پشاور
0306-5909372

﴿عالم الغیب کون ہے﴾

اس رسالہ میں بے شمار آیات قرآنی (۴۰) احادیث اور بہت سے مفسرین کے اقوال اور فقہ حنفی اور علماء امۃ کے بے شمار کتابوں کے حوالے موجود ہیں عام مسلمانو کیلئے اور خاص کر علماء اور طلباء کیلئے انتھائی ضروری رسالہ ہے۔

مفتی رحمت اللہ امین الحنفی ثم دیوبندی

پشاور ھریانہ روڈ ٹیوب ویل کورونہ مدرسہ دارالعلوم تعلیم القرآن للبنات۔

موبائل:۔ 0306-5909372

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

مفتی صاحب کون کون لوگ عالم الغیب ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ صرف انبیاء عالم الغیب ہیں، بعض کہتے ہیں، کہ اولیاء بھی، اور بعض جنّات بھی عالم الغیب سمجھتے ہیں، مفصّل جواب کی ضرورت ہے اور قرآن حدیث کی روشنی میں ضروری ہے۔

الجواب باسم ملهم الصواب

پیارے بھائی علمِ غیب اللہ تعالیٰ کیلئے صفتِ خاصّہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفتِ خاصّہ کسی اور کو دینا شرک ہے، اس کو قرآن نے بھی شرک کہا۔ اور حدیث نے بھی اور فقہ نے بھی اور علمائے حق نے بھی، میں مختصر قرآنی آیات، چند احادیث او فقہ کی عبارات نقل کرنا چاہتا ہوں۔

قالت عائشةؓ من حدّثک انه يعلم الغيب فقد كذب وهو يقول لايعلم الغيب الاالله (بخاری جلد ۲ صفحه ۱۰۹۸)

انبياء عليهم السلام عالم الغيب نهيں۔

(ا)۔آدم علیه السلام اورعلم غیب:۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ **قَالَ مَانَهٰاکُمَا رَبُّکُمَا عَنْ تِلْکُمَا الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَکُوْنَا مَلَکَیْنِ اَوْتَکُوْنَا مِنَ الْخَالِدِیْنَ. (اعراف ۲۰)**

ترجمه: شیطان کہنے لگا کہ تمہارے ربّ نے تم دونوں کو اس درخت سے اور کسی سبب سے منع نہیں فرمایا مگر محض اس وجہ سے کہ تم دونوں کہیں فرشتے نہ ہو جاؤ یا کہیں ہمیشہ رہنے والوں میں سے نہ ہو جاؤ، اور ان دونوں کے روبرو قسم کھالی کہ یقین جانے میں تم دونوں کا خیر خواہ ہوں سو ان دونوں کو فریب سے (جنت) سے نیچے لے آیا۔

تشریح: دیکھو شیطان نے صریح غلط بیانی اور کذب تراشی سے کام لیتے ہوئے آدم علیہ السلام کو شجرۂ ممنوعہ کے استعمال پر آمادہ کرلیا۔ ان کے سامنے جھوٹی قسمیں کھا کر اور اپنی پُر فریب باتوں

سے انہیں اپنی سچائی اور خیر خواہی کا یقین دلایا، اور وہ اس کے فریب میں آگئے ۔اگر وہ عالم الغیب ہوتے تو اس کی چال کو جان جاتے اور اس کے ورغلانے میں نہ آتے۔

(۲)۔ نوح علیہ السلام اور علم غیب:۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ وَلَآ اَقُوْلُ لَکُمْ عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰہِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَیْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَکُمْ اِنِّیْ مَلَکٌ. (ھود ۳۱)

ترجمہ: نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو کہا اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں عالم الغیب ہوں اور نہ میں فرشتہ ہوں۔

نوح علیہ السلام کی قوم جب طوفان نوح سے غرق ہوگئی تو آپؑ کا مشرک بیٹا بھی غرق ہو گیا تو نوحؑ نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ یہ بیٹا تو میرے اہل سے ہے اور تو نے میرے اہل بچانے کا وعدہ کیا تم نے میرا بیٹا کیوں نہیں بچایا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یٰنُوْحُ اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِکَ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ فَلَا تَسْئَلْنِ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ اِنِّیْ اَعِظُکَ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الْجَاھِلِیْنَ. (سورۃ ھود ۴۶)

ترجمہ: اے نوح وہ تیرے اہل میں سے نہیں بے شک وہ بد عمل شخص تھا سو مجھ سے ایسی چیز کی درخواست مت کر جس کا تمھیں علم نہ ہو میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ تم نادانوں میں سے نہ بنو.....

دیکھو سیدنا نوح علیہ السلام کو اپنے گھریلوی معاملات کا پتہ نہیں کیا وہ۔ ما کان و مایکون پر عالم ہوسکتا ہے تفصیل کیلئے قرطبی (صفحہ ۴۷ جلد ۹، خازن صفحہ ۱۸۶ جلد ۳، ابن جریر صفحہ ۱۸ جلد ۱۲) دیکھو

(۳)۔ سیدنا ابراھیم علیہ السلام اور علم غیب۔

سیدنا ابراہیمؑ کو بشارت کیلئے فرشتے آگئے لیکن انہوں نے نہیں پہچانا کہ یہ انسان ہیں یا فرشتے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ وَلَقَدْ جَآئَتْ رُسُلُنَا اِبْرَاھِیْمَ بِالْبُشْرٰی قَالُوْا سَلَامًا قَالَ سَلَامٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِیْذٍ. فَلَمَّا رَاٰ اَیْدِیَھُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْہِ نَکِرَھُمْ وَاَوْجَسَ مِنْھُمْ خِیْفَۃً قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰی قَوْمِ لُوْطٍ. (سورۃ ھود ۶۹)

ترجمہ: اور یقیناً ہمارے فرشتے ابراہیمؑ کے پاس خوشخبری لے کر آئے اور بولے سلام ہو ابراہیمؑ نے کہا تم پر بھی سلام ہو پھر دیر نہیں لگائی کہ ایک تلا ہوا بچھڑا لے آئے، پھر جب (ابراھیمؑ) دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس کی طرف نہیں بڑھ رہے ہیں تو ان سے متوحش ہوئے اور دل میں ان سے ڈرے۔ وہ بولے مت ڈرو ہم تو قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

(۴) سیدنا لوط علیہ السلام اور علم غیب:۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ **وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ.** (سورۃ ھود ۷۷)

ترجمہ: اور جب ہمارے فرشتے لوطؑ کے پاس پہنچے تو لوطؑ ان کی وجہ سے خفا ہو گیا اور ان کی وجہ سے بہت تنگدل ہوئے اور بولے یہ آج کا دن بہت بھاری ہے۔

تشریح: جب فرشتے ابراھیمؑ کے پاس سے لوطؑ کے پاس پہنچے تو وہ خوب صورت بے ریش لڑکوں کی صورت میں تھے جب لوطؑ نے دیکھا تو وہ اس پر گھبرائے کہ یہ مھمان ہیں اور میری قوم بدعادت میں مبتلا ہے تو وہ مھمانوں کی بے عزتی کرے گی دیکھو لوطؑ کو پتہ نہیں کہ یہ نوجوان ہیں یا فرشتے۔

(۵)۔ سیّدنا یعقوب علیہ السلام اور علم غیب:۔

یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے مل کر مشورہ کیا تھا کہ یوسف کو باپ سے جدا کرے لیکن باپ کو پتہ نہیں اللہ تعالیٰ فرمان ہے۔ **اَوِاطْرَحُوْهُ اَرْضًا یَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِیْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِیْنَ.** (سورۃ یوسف ۹)

ترجمہ: یا تو یوسفؑ کو قتل کر ڈالو یا ان کو کسی سرزمین ڈال آؤ اور تمہارے باپ کا رخ خالص تمہاری طرف ہو جائے گا (اور تمہارے سب کا بن جائیں گے) اس کے بعد (توبہ کرنے سے) تم قومِ صالح بن جائگی۔ اور اسطرح چالیس سال یوسفؑ یعقوبؑ سے غایب تھے لیکن انکو پتہ نہیں اور زیادہ رونے سے نظر کم ہوئی، اگر آپ کو علم غیب ہوتا تو کیوں چالیس سال تک مصیبتیں

اور تکلیفیں اٹھاتے تفصیل کیلئے سورۃ یوسف آیت ۱۳، ۱۷، ۶۶، ۸۳، ۸۴،)

(۶)۔ سیدنا موسیٰ علیہ السلام اور علم غیب:۔

موسیٰ علیہ السلام کو پتہ نہیں کہ ایک مکہ مارنے سے قفطی مرجائے گا۔ اس طرح جب مدین سے واپس ہوئے تو نور کو دیکھا اور اپنے گھر والوں کو کہا انتظار کرنا میں آگ لے آتا ہوں یا راستے کی خبر، آپؑ کو یہ پتہ نہیں کہ یہ آگ نہیں بلکہ نور ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى (طٰہٰ ۹)

ترجمہ: جب کہ انہوں نے ایک آگ دیکھی سو اپنے گھر والوں سے فرمایا کہ تم ٹھہرے رہو میں نے ایک آگ دیکھی ہے شاید میں اس میں سے تمہارے پاس ایک شعلہ لاؤں یا آگ کے پاس مجھے راستہ کا پتہ مل جائے۔ سو جب وہ اس کے پاس پہنچے تو آواز دی گئی کہ اے موسیٰؑ میں تمہارا رب ہوں پس تم اپنی جوتیاں اُتار لو تم ایک پاک میدان طویٰ میں ہو.... اس طرح اپنی لاٹھی سے بھاگ گیا جب سانپ بن گیا اس لئے بھاگ گئے تھے کہ یہ سانپ کہیں انہیں کاٹ نہ کھائے تو اللہ تعالیٰ نے اطمینان دلایا کہ یہ سانپ تجھے نہیں کاٹے گا۔ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ۔ (قصص ۳۱) اے موسیٰ آگے آؤ اور ڈرو مت تم امن میں ہو۔

(ایک اور واقعہ) ایک دفعہ موسیٰ کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے ہمکلام تھے دل میں خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر بہت مہربان ہے اگر میں اس سے اس کی ذات کی کے دیدار کی درخواست کروں تو شاید قبول ہو جائے چنانچہ اسی اُمید پر عرض کیا۔ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ (اعراف ۱۴۳) اے میرے رب اپنا دیدار مجھے دکھلا دیجئے کہ میں ایک نظر آپ کو دیکھ لوں...... لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب ملا لَنْ تَرٰىنِيْ کہ تم مجھ کو ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔ اگر موسیٰؑ کو یہ بات معلوم ہوتی کہ دنیا میں دیدار الٰھی محال ہے تو وہ ہرگز اللہ تعالیٰ سے اس کی درخواست نہ کرتے کیونکہ محال کا مطالبہ تو ایک ادنیٰ

درجہ کے عاقل سے بھی متصور نہیں ہوسکتا چہ جائکہ ایک جلیل القدر پیغمبر اس کا مطالبہ کرلے۔

(ایک اور واقعہ) جب موسیٰ کوہ طور پر تورات لینے کیلئے گئے تو قوم میں ہارونؑ کو اپنا خلیفہ بنا گئے جب وہ طور چلے گئے تو سامری نے قوم سے سونے کے زیورات جمع کرکے ان سے ایک بچھڑا بنایا اور لوگوں سے کہا کہ تمہارے اور موسیٰ کا ربّ تو یہ ہے چنانچہ وہ اس بچھڑے کی پوجا کرنے لگے ہارونؑ نے انہیں اس کام سے روکا لیکن وہ منع نہ ہوگئے تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ کو خبر دیا پھر موسیٰ واپس ہوکر اول ہارونؑ کو داڑھی سے پکڑ کر کھینچا اور کہا کہ جب تم نے دیکھا کہ وہ گمراہ ہوگئے ہیں تو تم نے میرے احکام کی پیروی کرتے ہوئے ان کو روکا کیوں نہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ **قَالَ یَاهَارُوْنَ مَامَنَعَکَ اِذْرَاَیْتَهُمْ ضَلُّوْا اَلَّا تَتَّبِعَنِ ط اَفَعَصَیْتَ اَمْرِیْ.** (طٰہٰ ۹۳)

ترجمہ: موسیٰ نے کہا اے ھارونؑ جب تم نے دیکھا کہ یہ گمراہ ہوگئے ہیں تو تم کو میری پیروی کرنے سے کس چیز نے روکا۔ کیا تو نے میرے کہنے کے خلاف کیا ہے۔ موسیٰ غصہ کی وجہ سے عجلت میں یہ باور کرلیا کہ اس معاملہ میں ہارونؑ نے کوتاہی کی ہے حالانکہ ہارونؑ نے اپنا فرض ادا کردیا تھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ **وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُوْنُ مِنْ قَبْلُ یَاقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ وَاِنَّ رَبَّکُمُ الرَّحْمٰنُ فَاتَّبِعُوْنِیْ وَاَطِیْعُوْا اَمْرِیْ.** اگر موسیٰ عالم الغیب ہوتے تو اپنے بھائی کو داڑھی سے نہ پکڑتے۔

(موسیٰ علیہ السلام کی چوتھا واقعہ)۔ ایک دفعہ موسیٰ نے اپنی قوم کو نہایت فصیح و بلیغ انداز میں وعظ فرمایا اس پر کسی نے آپؑ سے پوچھا کہ آج دنیا میں سب سے بڑا عالم کون ہے تو انہوں نے فرمایا کہ میں ہوں اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کو بذریعہ وحی مطلع فرمایا کہ مجمع البحرین میں ہمارا ایک بندہ ہے جو تم سے زیادہ عالم ہے موسیٰ علیہ السلام نے اس بندے سے ملنے کی آرزو کی چنانچہ صحیح بخاری (صفحہ ۶۸۷ جلد ۲) میں یہ واقعہ موجود ہے۔ جب موسیٰ یوشع بن نونؑ کو ہمراہ لے کر خضر علیہ السلام کی ملاقات کیلئے روانہ ہوئے تو تلی ہوئی مچھلی ساتھ لے لی۔ جب دو دریاؤں

کے مقام اتصال پر پہنچے تو موسیٰ سو گئے اور یوشعؑ جاگتے رہے۔ اسی اثناء میں تلی ہوئی مچھلی زندہ ہو کر دریا میں گھس گئی۔ یہی جگہ ان کی منزل مقصود تھی مگر وہ یہاں سے آگے چل دیئے۔ جب موسیٰ کو بھوک لگی تو انہوں نے اپنے رفیق سفر سے مچھلی طلب کی۔ تو اس نے بتایا مچھلی تو عجیب وغریب انداز میں زندہ ہو کر دریا میں گھس گئی تھی۔ اور میں آپ کو بتانا بھول گیا تھا۔ الغرض موسیٰ کو نہ یہ پتہ ہے کہ مجھ سے کوئی بڑا عالم ہے نہ مچھلی کا پتہ کہ وہ دریا میں گھس گئی ہے، اور نہ یہ پتہ ہے کہ ہم منزل مقصود سے آگے نکل گئے ہیں۔

(۷)۔ خضر علیہ السلام عالم الغیب نہیں۔

جب موسیٰ اور خضر علیہ السلام کی ملاقات ہوئی تو موسیٰ نے ان کے ساتھ رہنے کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے فرمایا۔ قَالَ مُوسیٰ هَلْ اَتَّبِعُکَ عَلٰیٓ اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْداً. (کھف ٦٦) موسیٰ نے ان سے کہا کیا میں آپ کے ساتھ اس شرط پر رہ سکتا ہوں کے جو مفید علم اپ کو سکھایا گیا ہے اس میں سے آپ مجھے بھی سکھا دیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ خضرؑ سے کچھ سکھنے آیا تھا۔ اگر وہ پہلے ہی سے ماکان ومایکون کے عالم تھے تو اب خضرؑ سے کیا سکھنے آیا تھا۔ پھر جب خضرؑ موسیٰ کی بات سنی تو صاف کہہ دیا۔ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْراً. وَکَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَالَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْراً. (کھف ٦٧)

تم کو میرے ساتھ رہ کر (میرے کاموں) صبر نہ ہو سکے گا اور ایسے کاموں پر تم صبر کرو گے بھی کس طرح جو تمہارے احاطہ، واقفیت ہی سے باہر ہوں گے۔ خضرؑ نے موسیٰ سے صراحتاً احاطہ جمیع علوم کی نفی کر دی۔ [illegible] یہ کہ پھر کشتی توڑنے کے وقت اور لڑکے کو قتل کرنے کے وقت اور دیوار بنانے کے وقت موسیٰ [illegible] کیوں آپ پر اعتراض کیا۔

اسطرح جب اول ملاقات کی وقت موسیٰ نے سلام کیا تو خضرؑ نے کہا اپ کون ہو تو موسیٰ نے فرمایا میں موسیٰ ہوں تو اگر خضرؑ عالم الغیب ہوتے تو پھر موسیٰ سے کیوں پوچھتے ہیں۔ آخر میں خود خضرؑ نے اقرار اور اعلان کیا۔ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ذٰلِکَ تَاْوِیْلُ مَالَمْ تَسْطِعْ عَلَیْهِ صَبْراً.

ترجمہ: اور میں نے (جو کام کئے ہیں سب بذریعہ وحی کئے ہیں ان میں سے) کوئی کام اپنی رائے سے نہیں کیا یہ ہے حقیقت ان باتوں کی جن پر تم سے صبر نہ ہو سکا۔ صحیح بخاری صفحہ ۶۸۷) میں ہے کہ جب دونوں کی ملاقات ہوئی تو خضر نے موسیٰ کو فرمایا اے موسیٰ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے علم میں سے ایسا علم ہے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا ہے لیکن تو اسے نہیں جانتا اور تجھے بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسا علم حاصل ہے جو مجھے معلوم نہیں ہے۔ اس سے صاف طور پر معلوم ہو گیا کہ جس طرح موسیٰ عالم الغیب نہیں تھے اس طرح خضر بھی۔

(۸)۔ سیدنا سلیمان علیہ السلام عالم الغیب نہیں تھے۔

یہ وہ پیغمبر ہیں جس کو ساری دنیا پر حکومت عطا کی گئی تھی لیکن پھر بھی عالم الغیب نہیں تھے ایک مرتبہ پرندوں کی حاضر کر لی تو ہدہد کو غیر حاضر پایا اس کے متعلق حاضرین سے پوچھا کہ کیا ہدہد صرف مجھے ہی نظر نہیں آ رہا یا واقعی وہ غیر حاضر ہے۔ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ. (نمل ۲۰)

ترجمہ: اور سلیمانؑ نے پرندوں کی حاضری لی تو فرمانے لگے۔ کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا، کیا وہ کہیں غائب ہو گیا۔ میں اس کو سخت سزا دوں گا یا اس کو ذبح کر ڈالوں گا یا وہ کوئی صاف حجت میرے سامنے پیش کرے گا۔ چنانچہ کچھ دیر بعد حاضر ہو گیا اور اپنی غیر حاضری کی وجہ بیان کرنے لگا۔ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ. (نمل ۲۲)

ترجمہ: سو تھوڑی ہی دیر میں وہ آ گیا اور کہنے لگا کہ میں ایسی بات معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں اور میں اب کے پاس قبیلہ سبا کی ایک یقینی خبر لایا ہوں۔

تشریح۔ سلیمانؑ کو یہ معلوم نہیں تھا کہ ہدہد کہاں چلا گیا۔ اسطرح سلیمانؑ ایک ملک یعنی سبا کی حالات سے خبر نہیں اور ہدہد کا بھی یہ عقیدہ ہے کہ سلیمانؑ عالم الغیب نہیں اس لئے کہتے ہے۔ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ. پھر بھی سلیمانؑ کو اس کی باتوں پر یقین نہ آیا اور اس کے بیان

کا صدق وکذب معلوم کرنے کیلئے ملکہ سبا کو ایک خط لکھا (کمافی نمل ۲۷) قَالَ سَنَنْظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ. سلیمانؑ نے فرمایا کہ ہم ابھی دیکھ لیتے ہیں کہ تو سچ کہتا ہے یا تو جھوٹوں میں سے ہے۔

(۹)۔سیدنا یونس علیہ السلام عالم الغیب نہیں۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمَاتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ. (سورة انبیاء ۸۷)

ترجمہ: اور مچھلی والے کا تذکرہ کیجئے جب وہ خفا ہو کر چل دیئے اور انہوں نے یہ سمجھا کہ ہم ان پر کوئی تنگی نہیں لائینگے۔ پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔آپ پاک ہیں میں بے شک قصوروار ہوں۔

تشریح: یونس علیہ السلام اپنی قوم کو تبلیغ کی اور عرصہ دراز تک تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھا مگر قوم نے ان کی دعوت پر کان نہ دھرا تو یونس علیہ السلام اپنی قوم سے ناراض ہو کر اور ان کو عذاب کی بددعاء دے کر حکم الٰہی کے بغیر ہی وہاں سے نکل گئے الخ۔اگر یونسؑ عالم الغیب ہوتے اور ان کو معلوم ہوتا کہ ان کے اس طرح بلا اجازت چلے جانے سے اللہ تعالیٰ کی ناراضی ہوگی اور وہ اس کے عتاب کا نشانہ بنیں گے اور وہ ایک عرصہ تک مچھلی کے پیٹ میں تکلیف اٹھائیں گے تو وہ اس طرح قوم سے ناراض ہو کر اور اللہ تعالیٰ کے حکم کا انتظار کیے بغیر کبھی نینوا شہر سے باہر قدم نہ رکھتے۔

(۱۰)۔عزیر علیہ السلام عالم الغیب نہیں تھے۔

عزیر علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے وہ برگزیدہ پیغمبر ہیں جن کو یہود اللہ تعالیٰ کا بیٹا اور نائب سمجھتے ہیں اور انہیں مالک ومختار اور عالم الغیب سمجھ کر پکارتے تھے مگر اللہ تعالیٰ کا یہ پیغمبر دوسروں پیغمبروں کی طرح غیب نہیں جانتا تھا جس کا اندازہ قرآن پاک میں بیان شدہ ان کے ایک واقعہ سے ہوتا ہے بخت نصر نے شہر یروشلم کا بالکل تباہ وبرباد کر دیا تھا۔اللہ تعالیٰ نے عزیرؑ کو حکم دیا کہ تم یروشلم جاؤ ہم اس کو دوبارہ آباد کرنے والے ہیں۔جب وہ وہاں پہنچے تو اس کی تباہی اور بربادی کا منظر دیکھ کر

حیرت و تعجب سے کہنے لگے کہ ان کھنڈرات کو اللہ تعالیٰ دوبارہ کس طرح آباد کرے گا انہوں نے اگر چہ بطور تعجب کہا تھا۔اس سے اللہ تعالیٰ کی قدرت میں کسی قسم کے تردّد کا اظہار مقصود نہیں تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کا اظہار کرنے کیلئے ان پر موت طاری کردی اور پورے سوسال تک اسی حالت میں پڑے رہے پھر اللہ تعالیٰ نے زندہ فرمایا اور پوچھا تو کتنی دیر اس میں رہا۔تو اس نے فرمایا ایک دن یا ایک دن سے بھی کم۔اس سے صاف معلوم ہوا کہ وہ عالم الغیب نہیں تھا اگر عالم الغیب ہوتے تو سوسال کو کس طرح ایک دن کہتے ہیں۔

اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ عَلٰی عُرُوْشِھَا قَالَ اَنّٰی یُحْیِیْ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ مَوْتِھَا فَاَمَاتَہُ اللّٰہُ مِاْئَۃَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَہٗ قَالَ کَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِاْئَۃَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِکَ وَشَرَابِکَ لَمْ یَتَسَنَّہْ۔(سورۃ بقرۃ ۲۵۹)

یا تم کو اس طرح قصہ بھی معلوم ہے جیسے ایک شخص تھا کہ ایک بستی پر ایسی حالت میں اس کا گذر ہوا کہ اس کے مکانات اپنی چھتوں پر گر گئے تھے کہ کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ اس بستی کو اس کے مرنے کے بعد کس طرح زندہ کرے گا۔سو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سو برس تک مُردہ رکھا،پھر اس کو زندہ کر اُٹھایا پوچھا تو کتنی دیر اس حالت میں رہا۔اس نے کہا ایک دن رہا ہوں گا یا ایک دن سے بھی کم،اللہ تعالیٰ نے فرمایا نہیں بلکہ تو سو برس رہا ہے۔تو اپنے کھانے پینے کی چیز کو دیکھ لے کہ نہیں گلی سڑی۔

آیۃ میں سماع الموتیٰ کی متعلق عجب دلیل۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ مُردے سنتے اور دیکھتے ہیں اس آیۃ سے ان کا خیال بھی رد ہو گیا اگر موت کے بعد ان کو علم غیب حاصل ہو جاتا۔یا موت کی حالت میں وہ سنتے اور دیکھتے ہوتے تو سوسال کی طویل مدّت کو ایک دن یا اس سے بھی کم نہ سمجھتے جس کو اپنے اپکا پتہ نہیں تو دوسروں سے کیا خبر ہوگا اور جب نبی بعد الموت نہیں سنتا تو عام اموات کے متعلق یہ عقیدہ بلکل صحیح نہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو سمجھ عطا فرمائے۔

(۱۱)۔سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اورتمام انبیاء عالم الغیب نہیں۔

عسائیوں نے عیسیٰ اوران کی والدہ کو الٰہ اور معبود بنالیا۔ان کی عبادت کرنے لگے۔حاجات ومشکلات میں انہیں پکارنے لگے۔قیامت کے دن اللہ تعالیٰ عیسیٰ سے سوال کریں گے کہ کیا تونے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری والدہ کو خدا کے سوا معبود بنالینا؟ تو عیسیٰ جواب دیں گے۔

قَالَ سُبْحٰنَکَ مَایَکُوْنُ لِیْ بِحَقٍّ اِنْ کُنْتُ قُلْتُہٗ فَقَدْ عَلِمْتَہٗ تَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِیْ وَلَآ اَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِکَ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.(مائدہ ۱۱۶).

ترجمہ: عیسیٰ علیہ السلام عرض کریں گے کہ میں تو آپ کو منزہ سمجھتا ہوں۔مجھ کو کسی طرح زیبا نہ تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کے کہنے کا مجھ کو کوئی حق نہ تھا۔اگر میں نے کہا ہوتا تو آپ کو اس کا علم ہوتا۔آپ تو میرے دل کے اندر کی بات بھی جانتے ہیں اور میں اسکو نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے۔تمام غیبوں کے جاننے والے آپ ہیں۔دیکھو عیسیٰ علیہ السلام خود اعلان کریں گے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے وہ میں نہیں جانتا تو ان کے اپنے ہی اقرار واعتراف سے ثابت ہوگیا کہ وہ عالم الغیب نہیں تھے۔اوراس آیت کے تحت مفسرین لکھتے ہیں۔والمعنی تعلم معلومی ولااعلم معلومک (مدارک ۲۴۰ جلد ۱) مطلب یہ ہے کہ جو کچھ مجھے معلوم ہے اس کو تو جانتا ہے اور جو کچھ تیرے علم میں ہے اس کو میں نہیں جانتا اس طرح عبارتیں ، مظہری ص ۲۲۶ جلد ۳،خازن ص ۹۴ جلد ۲، قرطبی ص ۳۷۶ جلد ۶،ابن جریر ص ۸۴ جلد ۷،ابن کثیر ص ۱۲۰ جلد ۲، میں ہیں)

(۱۲)۔سب کے سب انبیاء علیھم السلام عالم الغیب نہیں۔

قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے سوال ہوگا کہ جب تم نے اپنی امتوں کو میرا پیغام پہنچایا تو تمہیں ان کی طرف سے کیا جواب ملا تو انبیاء علیھم السلام فرمایں گے کہ اے اللہ تعالیٰ ہمیں تو ان کے دلوں کی بات معلوم نہیں۔اور پوشیدہ باتوں کا علم تو صرف تجھے ہی ہے۔

یَوْمَ یَجْمَعُ اللّٰہُ الرُّسُلَ فَیَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ قَالُوْالَاعِلْمَ لَنَااِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.

(مائدہ ۱۰۹)

ترجمہ: جس روز اللہ تعالیٰ تمام پیغمبروں کو جمع کریں گے پھر ارشاد فرمائیں گے کہ تم کو کیا جواب ملا تھا وہ عرض کریں گے کہ ہم کو کچھ خبر نہیں آپ بیشک پوشیدہ باتوں کے پورے جاننے والے ہیں اس آیت کے تحت علامہ ابو سعودؒ فرماتے ہیں۔ المعنی لاعلم لنا بما احدثوا بعدنا ص ۶۹۰ ج ۳) ہم کو اس بات کا علم نہیں کہ انہوں نے ہمارے بعد دین میں کیا کیا بدعتیں نکالیں۔ اس طرح (صفحہ ۶۸۹ جلد ۳) میں لکھتے ہیں۔ تعلم ما اجابوا و اظھروا النا و مانعلمه مما اضمروا فی قلوبھم) جو کچھ جسے ہم نہیں جانتے تو اسے بھی جانتا ہے زیادہ تفصیل کیلئے یہ تفسیریں مطالعہ کیجئے البحر المحیط صفحہ ۴۹ جلد ۴، کبیر صفحہ ۶۸۹ جلد ۳، نسفی صفحہ ۲۳۸ جلد ۱۰، مظہری صفحہ ۲۲۰ جلد ۳، قرطبی صفحہ ۳۶۱ جلد ۶)

(۱۳)۔ نبی پاک ﷺ سے بے شمار آیاتوں میں نفی علم غیب۔

قرآن مجید کے نصوص قطعیہ سے یہ بات ثابت ہے کہ نبی پاک ﷺ غیب دان نہیں تھے میں نمونہ کی طور چند ایات لکھ دیتا ہوں۔

(۱)۔ ذَالِکَ مِنْ اَنْبَاءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْکَ وَمَا کُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْیُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَیُّهُمْ یَکْفُلُ مَرْیَمَ وَمَا کُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْیَخْتَصِمُوْنَ۔ (ال عمران ۴۴)

یہ بی بی مریم کا) قصہ من جملہ غیب کی خبروں کے ہیں ہم ان کی وحی بھیجتے ہیں آپ کے پاس اور آپ ان لوگوں کے پاس نہ تو اس وقت موجود تھے۔ جبکہ وہ اپنی قلموں کو (پانی میں) ڈالتے تھے کہ ان میں سے کون مریمؑ کی کفالت کرے اور نہ آپ ان کے پاس اس وقت موجود تھے جبکہ وہ باہم اختلاف کر رہے تھے۔

(۲)۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کے متعلق فرماتے ہیں۔ ذَالِکَ مِنْ اَنْبَاءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْکَ وَمَا کُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْاَجْمَعُوْا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْکُرُوْنَ۔ (سورة یوسف ۱۰۲)

یہ قصہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم نے وحی کے ذریعے تم کو بتایا۔ کیونکہ تم یوسفؑ کے

بھائیوں کے پاس اس وقت موجود نہ تھے جبکہ انہوں نے اپنا ارادہ پختہ کرلیا تھا اور وہ تدبیریں کررہے تھے۔

(۳). وَمَا کُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِیِّ اِذْقَضَیْنَا اِلٰی مُوْسٰی الْاَمْرَ وَمَا کُنْتَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ. (سورۃ قصص ۴)

اور آپ (طور کی) مغربی جانب میں موجود نہ تھے جب کہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو احکام دئے تھے اور نہ آپ حاضرین میں سے تھے۔

(۴). وَمَا کُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَا دَیْنَا وَلٰکِنْ رَّحْمَةً مِنْ رَبِّکَ .(قصص ۴۶)

اور اسی طرح طور کی جانب (غربی) میں اسوقت بھی موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ کو پکارا تھا لیکن اس کا علم بھی آپ کو اسی طرح ہوا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نبی بنائے گئے۔

(۵). وَمَا کُنْتَ ثَاوِیًافِیْ اَهْلِ مَدْیَنَ تَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیَاتِنَاوَلٰکِنَّا کُنَّامُرْسِلِیْنَ. (قصص ۴۵)

اور آپ اہل مدین میں قیام پذیر نہ تھے جبکہ آپ ہماری آیتیں ان لوگوں کو پڑھ کرسنا رہے ہوں لیکن ہم ہی (اپکو) رسول بنانے والے ہیں۔

تشریح: ان پانچوں آیتوں میں ایک مشترکہ مضمون بیان کیا گیا ہے ان میں سید الانبیاء علیہ السلام کے گذشتہ زمانہ میں چند واقعات میں موجود اور حاضر و ناظر ہونے کی صراحت سے نفی کی گئی ہے۔ ویسے لوگ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں یہ لوگ درحقیقت قرآن مجید سے منکر یا جاھل ہیں۔

منافقین کی حالت آپ ﷺ کو معلوم نہ تھی۔

(۶). وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُعْجِبُکَ قَوْلُهٗ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَیُشْهِدُاللّٰهَ عَلٰی مَافِیْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّالْخِصَامِ. (بقرۃ ۲۰۴)

اور بعض آدمی ایسا بھی ہے کہ آپ کو اس کی گفتگو جو محض دنیوی غرض سے ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر بتا تا ہے اپنے دل کی بات پر حالانکہ وہ (آپ کی) مخالفت میں نہایت شدید ہے۔

یہ آیت اخنس بن شریق ثقفی کے متعلق نازل ہوئی ہے تفصیل کیلئے معالم التنزیل ص ۱۶۱ جلد ۱، کبیر ۲۷۷ جلد ۲، روح المعانی ۹۵، جلالین ۳۰، ابی سعود ص ۲۷۷ جلد ۲، خازن، دیکھ لیجئے۔

(۷). وَمِنْ اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ مَرَدُوْا عَلَی النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُھُمْ نَحْنُ نَعْلَمُھُمْ. (سورۃ توبہ ۱۰۱)

اور کچھ مدینہ والوں میں ایسے منافق ہیں کہ نفاق کے حد کمال پر پہنچے ہوئے ہیں آپ ان کو نہیں جانتے (کہ یہ منافق ہیں) ان کو ہم جانتے ہیں۔ تفصیل کیلئے قرطبی ص ۲۴۱ جلد ۸، خازن ص ۱۱۵ جلد ۳، مدارک ص ۱۰۹ جلد ۲ دیکھ لیجئے۔

(۸). عَفَا اللّٰہُ عَنْکَ لِمَ اَذِنْتَ لَھُمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْکٰذِبِیْنَ.

(توبہ ۴۳)

اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاف (تو) کردیا لیکن آپ نے ان کو اجازت کیوں دے دی تھی جب تک کہ آپ کے سامنے سچے لوگ ظاہر نہ ہو جاتے اور آپ جھوٹوں کو معلوم نہ کر لیتے۔ یہ آیت غزوہ تبوک سے متعلق ہے۔

(۹). لَا یَسْتَاْ ذِنُکَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یُّجَاھِدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِالْمُتَّقِیْنَ. (توبہ ۴۴)

جو لوگ اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں وہ اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے کے بارے میں آپ سے رخصت نہیں مانگتے اور اللہ تعالیٰ ان متقیوں کو خوب جانتا ہے۔ ان آیتوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نبی پاک ﷺ نے منافقوں کو مخلص سمجھ کر اجازت دے دی تو اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مخلص مؤمنین تو آپ سے جہاد میں نہ جانے کی اجازت لیتے ہی نہیں۔ اجازت صرف وہی لیتے ہیں جو منافق ہیں۔

(۱۰). اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَا اَرٰکَ اللّٰہُ وَلَا تَکُنْ لِّلْخَآئِنِیْنَ خَصِیْمًا. (نساء ۱۰۵)

بے شک ہم نے آپ کے پاس یہ کتاب بھیجی ہے واقع کے موافق تاکہ آپ ان لوگوں کے

درمیان اس کے موافق فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتادیا ہے اور آپ ان خائنوں کی طرف داری کی بات نہ کیجئے۔

واقعہ:۔ طعمہ بن ابیرق منافق نے رفاعہ بن زیدؓ کے مکان سے چوری کی۔ مال مسروقہ میں آٹے کا ایک تھیلہ اور کچھ ہتھیار تھے اتفاق سے تھیلے میں سوراخ تھا جس سے آٹا چوز کے گھر تک راستہ میں گرتا گیا جب چور کو اس کا احساس ہوا تو اس نے بدنامی سے بچنے کیلئے وہ سامان زید بن یاسمین نامی ایک یہودی کے پاس بطور امانت رکھ دیا۔ جب صبح رفاعہؓ کو اس واردات کا علم ہوا تو انہوں نے اپنے بھتیجے قتادہ بن نعمانؓ سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے تفتیش سے معلوم کرلیا کہ یہ حرکت بنوابیرق کی ہے۔ قتادہؓ نے نبی کو یہ واقعہ سنایا۔ جب بنوابیرق کو اس کا علم ہوا تو وہ باقاعدہ سازش کرکے نبیؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس یہودی پر چوری کا الزام لگایا۔ قسمیں کھا کھا کر اور نبی ﷺ کو اپنے ایمان واخلاص کا یقین دلا کر طعمہ کو چوری کے الزام سے بالکل بری اور بے گناہ ثابت کیا چنانچہ آپؐ نے ظاہری حالات کو دیکھ کر اور منافقوں کی شہادتوں اور قسموں کو سچ سمجھ کر یہودی کو چور اور طعمہ اصل چور کو بے گناہ تصور فرمایا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئیں جن میں آپ کو اس اجتہادی لغزش پر تنبیہ کی گئی۔ اب دیکھو کہ سیّد کائنات عالم الغیب ہے؟

(۱۰). یٰاَیُّهَاالنَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآاَحَلَّ اللّٰهُ لَکَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِکَ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ. (سورۃ تحریم)

اے نبی پاک جس چیز کو اللہ تعالیٰ نے آپ کیلئے حلال کیا ہے آپ (قسم کھا کر) اس کو (اپنے اوپر) کیوں حرام کرتے ہیں (پھر وہ بھی) اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے اس آیت کے شان میں بخاری اور مسلم میں لکھا ہے کہ عائشہؓ اور حفصہؓ نے اتفاق سے نبی ﷺ پر شہد بند کرنے کیلئے ایک بندوبست کیا جس کی وجہ سے نبی ﷺ نے قسم کھا کر اپنے اوپر بند کیا تفصیل کیلئے تفاسیر دیکھ لیجئے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم آئندہ حالاتوں سے خبرنہ تھے۔

(۱۱). قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِیْ مَا يُفْعَلُ بِیْ وَلَا بِكُمْ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰى اِلَیَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ. (احقاف ۹)

آپ کہہ دیجئے میں کوئی انوکھا رسول تو نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ (معلوم کہ) تمہارے ساتھ (کیا کیا جائے گا) میں تو صرف اسی کا اتباع کرتا ہوں جو میری طرف وحی کے ذریعہ آتا ہے اور میں تو صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔ اس آیت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے آنے والے حوادثِ کے علم کی نفی کی گئی ہے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کل کی حالات سے خبرنہ تھے۔

(۱۲). وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّا اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا (کہف ۲۳)

اور آپ کسی کام کی نسبت یوں نہ کہا کیجئے کہ میں اس کو کل کروں گا مگر اللہ تعالیٰ کی مشیت کو ملا دیا کیجئے اور جب آپ بھول جائیں تو اپنے ربّ کو یاد کیجئے اور کہہ دیجئے کہ مجھ کو اُمید ہے کہ میرا ربّ مجھ کو بھلائی کے اعتبار سے اس سے بھی نزدیک تر راہ بتا دے........آیت کا شان نزول یہ ہے کہ قریش مکہ نبی پاک علیہ السلام سے بطور امتحان تین چیزوں کے بارے میں سوال کیا تھا یعنی روح، اصحاب کھف اور ذی القرنین کے بارے میں تو اس کے جواب میں آپ نے فرمادیا کہ ان سوالوں کا جواب میں تم کو کل دوں گا مگر انشاء اللہ کہنا بھول گیا۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ آئی اور بطور تنبیہ پندرہ دن کیلئے وحی کا سلسلہ منقطع فرمادیا اور آئندہ کیلئے حکم فرمایا کہ جب کبھی بھول کی وجہ سے ایسا ہو جائے تو اس کی تلافی کیلئے جب یاد آجائے اسی وقت انشاء اللہ کہہ لیا کریں تفصیل کیلئے ابن کثیر ص ۸۷ جلد ۳، معالم التنزیل خازن ص ۱۶۸، مظہری ص ۲۶ جلد ۶، البحر المحیط ص ۱۱۶ جلد ۶، کبیر ص ۷۰۳ جلد ۵۔

(۱۳). وَاِنْ اَدْرِیْ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ. (انبیاء ۱۰۸)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو کہو) میں یہ نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ ہوا آیا وہ قریب ہے یا دور۔
آیت کا خلاصہ مقصد یہ ہے کہ اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب الٰہی یا قیامت کے معین وقت کا معلوم نہ ہونا بیان کیا گیا ہے۔ تفصیل کیلئے کبیر ص ۲۰۵ جلد ۶، قرطبی ص ۳۵۰ جلد ۱۱، مدارک ص ۱۷ جلد ۳، خازن ص ۲۶۴ جلد ۴ دیکھ لیجئے۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب عطائی بھی قیامت کے متعلق نہ تھے۔

(۱۴). یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسَاهَا ط قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ ط. (سورة اعراف ۱۸۷)

یہ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ وہ کب واقع ہوگی۔ آپ کہہ دیجئے اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے۔ اس کو اُس کے وقت پر اس کے سوا کوئی اور ظاہر نہیں کرے گا۔

ابن جریر فرماتے ہیں۔ لایعلم ذالک الا اللہ (ص ۸۸ جلد ۹) خازن میں ہے۔ ای لا یعلم الوقت الذی تقوم فیه الا اللہ (ص ۲۶۵ جلد ۲، امام سُدّیؒ فرماتے ہیں. فلم یعلم قیامها متی تقوم ملک مقرب ولا نبی مرسل، ابن جریر ص ۸۸ جلد ۹، امام نسفی حنفی فرماتے ہیں. ای علم وقت ارسأها عنده قداستأثر به لم یخبر به احداً من ملک مقرب ولا نبی مرسل (مدارک ص ۶۷ جلد ۲) امام بغویؒ شافعی فرماتے ہیں. اِسْتَأثَرَ بعلمها ولا یعلمها الا هو (معالم التنزیل ص ۲۶۵ جلد ۲) علامہ ابوسعود حنفیؒ فرماتے ہیں. لم یخبر به احداً من ملک مقرب او نبی مرسل (ص ۴۸۲ جلد ۴)

(۱۵). یَسْئَلُکَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَکُوْنُ قَرِیْبًا. (سورة احزاب ۶۳)

یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ فرما دیجئے اس کا علم تو بس اللہ ہی کے پاس ہے۔ آپ کو اس کی کیا خبر کہ قیامت قریب ہی ہو۔ ابن صفی حنفیؒ فرماتے ہیں۔ قل انما علمها عند اللہ لم یطلع علیه احداً (جامع البیان ص ۳۶۶) قاضی بیضاوی شافعیؒ

فرماتے ہیں. لم یطلع علیھاملکا و لانبیاء. یعنی اللہ تعالیٰ نے قیامت کاعلم کی خبر نہ کسی فرشتے کو دی ہے نہ کسی نبی کو۔

(١٦). وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَاللهِ وَاِنَّمَا اَنَا نَذِيْرٌ مُبِيْنٌ. (سورة ملک ٢٥)

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا۔آپ کہہ دیجئے کہ یہ علم تو اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہےاور میں تو محض صاف صاف ڈرانے والا ہوں۔علامہ آلوسی حنفی فرماتے ہیں۔ای العلم بوقته عندالله عزوجل لایطلع علیه غیره(روح المعانی ص ٢٠ جلد ٢٩) ابن کثیر ص ٣٩٩ جلد٤،قرطبی ص ٢٢٠ جلد ١٨،ابوسعود ص ٢٥٨ جلد ٨)

صاف الفاظوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کااعلان۔

(١٧). قُلْ لَّا اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِىْ خَزَآئِنُ اللهِ وَلَا اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّىْ مَلَكٌ. (سورة انعام ٥٠)

آپ کہہ دیجئے کہ نہ تو میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کےخزانے ہیں اور نہ میں غیبوں کو جانتا ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔آیت میں تین اعلانات ہیں۔ (١)۔میں اللہ تعالیٰ کے خزانوں کا مالک ومختار نہیں ہوں۔ (٢)۔میں غیب دان نہیں ہوں۔ (٣)۔میں فرشتہ نہیں ہوں۔

(١٨). قُلْ لَّا اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَاشَآءَ اللهُ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَامَسَّنِىَ السُّوْٓءُ. (سورة اعراف ١٨٨)

آپ کہہ دیجئے کہ میں اپنی ذات کیلئے نہ کسی نفع کا اختیار رکھتا ہوں نہ کسی نقصان کا۔مگر جو اللہ تعالیٰ چاہے اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو میں بہت سے منافع حاصل کر لیتا اور کوئی مضرت بھی مجھ پر واقع نہ ہوتی۔

علامہ ابوحیان فرماتے ہیں۔لاامُلک اجتلاب نفع و لادفع ضرفکیف املک علم

الغیب. (بحر ص ۴۳۶ جلد ۴) امام بغوی فرماتے ہیں. ولو کنت اعلم الغیب ای متی الساعة لاخبرتکم حتی تؤمنوا ومامسنی السوء بتکذیبکم (معالم ص ۲۶۶ جلد ۲) کذافی خازن ص۔ روح المعانی ص ۱۳۷ جلد ۹)

مدراک میں ہے. ومامن شأنی ان اعلم الغیب ص ۲۸ جلد ۲)

معالم اور خازن میں ہے۔ میں غیب نہیں جانتا ہوں تا کہ تمہیں گذشتہ واقعات اور آئندہ آنے والے حالات کی خبردوں۔ علامہ ابوحیان اندلسیؒ فرماتے ہیں۔اورزیادہ ظاہر معنی یہ ہیں کہ ان کی مراد یہ ہے کہ وہ بشر ہیں اللہ تعالیٰ کے خزانوں اوراس کی قدرت سے ان کے پاس کچھ نہیں اور نہ وہ کسی ایسی بات کو جانتے ہیں جوان سے پوشیدہ ہو یہ ابن عطیہ کا قول ہے (بحر ص ۱۳۳ جلد ۲)

ملائک عالم الغیب نہیں۔

(۱۹). قَالُوْا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِکُ الدِّمَاءَ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ قَالَ اِنِّیْ اَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ. (بقرہ ۳۰)

فرشتوں نے کہا کہ تو زمین میں ایسے لوگوں کو پیدا کرے گا جواس میں فساد اور خونریزی کریں گے اور ہم تیری حمد کے ساتھ تیری تسبیح وتقدیس کرتے رہتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو کچھ میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے.........اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو خطاب کر کے صاف اعلان فرمایا کہ جو کچھ میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے........

علامہ نسفی فرماتے ہیں۔ای اعلم من الحکم فی ذالک ماھو خفی علیکم (مدراک ص ۲۲ جلد ۱ وکذا روح المعانی ص ۲۲۳ جلد ۱ وقال فی معالم علی حاشیة خازن ص ۳۸ جلد ۱ .ماکانوا یعلمون الغیب.

(۲۰). قَالُوْا سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ.

(سورة بقرة ۳۲)

فرشتوں نے عرض کیا تو پاک ہے ہم کو صرف اتنا ہی علم ہے جتنا تو نے ہم کو عطا کیا بیشک تو ہی جاننے

والا حکمت والا ہے۔ دیکھو فرشتوں نے صاف اعلان کیا کہ ہمیں ان چیزوں کے ناموں کا علم نہیں۔ قرطبی میں ہے۔ ای تنزیھا لک عن ان یعلم الغیب احد سوالک ص ۵۸ جلد ۱)

واقعہ: ابراھیم علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری دینے کیلئے ان کے پاس فرشتے آئے خلیل اللہ نے آدمی سمجھ کر فوراً اٹھ کر بچھڑا ذبح کر کے اور بھون کر فرشتوں کے سامنے رکھ دیا انہوں نے نہیں کھایا۔ دیکھو خلیل اللہ عالم الغیب نہیں وہ یہ نہیں جانتے کہ یہ فرشتے ہیں۔ اور فرشتے بھی عالم الغیب نہ تھے کہ ابراھیم خلیل اللہ بچھڑا ذبح کرنے جا رہا ہے اگر ان کو معلوم ہوتے تو خلیل اللہ کو ضرور روک تھے۔

اولیاء کرام بھی عالم الغیب نہیں۔

اصحاب کھف کا واقعہ دیکھو جب ظالم بادشاہ سے بھاگ کر غار میں چھپ گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر غار میں نیند طاری کر دی اور اس غار میں تین سو سال سے زائد عرصہ سوئے رہے جب اٹھ کر ایک دوسرے کو کہا کہ ہم نے کتنا وقت گزارا قرآن میں فرماتے ہیں۔

(۲۱). وَكَذَالِكَ بَعَثْنَا هُمْ لِيَتَسَاءَ لُوا بَيْنَهُمْ قَالَ قَائِلُ مِنهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالُوا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَالَبِثْتُمْ (سورة كهف ۱۹)

اور اسی طرح ہم نے اُن کو اٹھا دیا تا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے پوچھیں ان میں سے ایک نے کہا تم غار میں کتنا عرصہ ٹھہرے دوسروں نے کہا ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ پھر انہوں نے کہا تمہارا ربّ العزت جانتا ہے کہ تم کتنا عرصہ ٹھہرے ہو۔

قرآن کی تصریحات بالا سے معلوم ہوا کہ اصحاب کھف توحید پرست انسان، اللہ تعالیٰ کے اولیاء تھے لیکن جب (۳۰۹) سال کے بعد بیدار ہوئے تو انہیں یہ بھی صحیح معلوم نہیں تھا کہ وہ کتنا عرصہ سوئے رہے۔ جو اپنے آپ سے خبر نہیں وہ دوسروں سے کیسے خبر ہوں گے۔

بی بی مریم صدیقہ عالم الغیب نہ تھی۔

عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ مطہرہ اگرچہ نبی نہیں تھیں لیکن ان کا ولیہ اور صدیقہ ہونا تو قرآن سے ثابت ہے۔ جب روح القدس انسانی شکل میں ان کے پاس پہنچا تو انہوں نے اسے آدمی اور بشر سمجھ کر اس

سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگی۔ پھر جب فرشتے نے بتایا تو انہیں پتہ چلا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

(۲۲) فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا. (سورة مریم ۱۷)

پس ہم نے اس کے پاس اپنے فرشتہ (جبریل) کو بھیجا اور وہ ان کے سامنے ایک پورا آدمی بن کر ظاہر ہوا۔ کہنے لگیں میں تجھ سے (اپنے رب العزت) رحمان کی پناہ مانگتی ہوں۔ اگر تو خدا ترس ہے اس نے کہا میں تیرے ربّ کا بھیجا ہوا (فرشتہ) ہوں تا کہ تم کو ایک پاکیزہ لڑکا دوں۔

دیکھو بی بی مریم باوجود ولیہ اور صدّیقہ غیب دان نہ تھیں فرشتہ کو انسان سمجھ کر اور اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتی ہے۔

اصحاب سلیمان بھی عالم الغیب نہ تھے۔

ایک مرتبہ سلیمانؑ اپنے لشکر سمیت جا رہے تھے کہ چیونٹیوں کے ایک بل کے قریب آگئے چیونٹیوں کی ملکہ نے جب ان کا لشکر دیکھا تو چیونٹیوں سے کہا کہ تم فوراً اپنے بلوں میں گھس جاؤ۔ کہیں سلیمان علیہ السلام اور ان کی ساتھی لاعلمی کی حالت میں تمہیں روند نہ ڈالیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ. (سورة نمل ۱۸)

یہاں تک کہ جب (سلیمان علیہ السلام اور ان کے لشکر) چیونٹیوں کے ایک میدان میں آئے تو ایک چیونٹی نے کہا اے چیونٹیوں اپنے سوراخوں میں گھس جاؤ کہیں تم کو سلیمان اور ان کا لشکر بے خبری میں کچل نہ ڈالیں۔

دیکھو چیونٹیوں کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ نہ سلیمان علیہ السلام غیب جانتے ہیں اور نہ ہی ان کے اصحاب جو اولیاء اللہ تھے لیکن آج کے مسلمانوں کا عقیدہ ہیں کہ ولی پر کچھ پوشیدہ نہیں۔ انا لِلّٰہ و انا الیہ راجعون۔

بی بی مریم کی والدہ عالم الغیب نہیں۔

بی بی مریم کی والدہ نہایت ہی نیک اور اللہ کی فرمانبردار بندی تھیں وہ صرف ایک اللہ کی پوجا کرنے

والی اور اللہ تعالیٰ کے نام کی نذر و منت ماننے والی عابدہ اور زاہدہ بی بی تھیں لیکن غیب دان نہ تھیں۔
سورۃ آل عمران میں ہے کہ جب وہ اُمید سے ہوئیں تو انہوں نے نذر مانی کہ ان کے یہاں جو لڑکا پیدا ہوگا وہ اللہ تعالیٰ کے گھر کی خدمت کیلئے وقف ہوگا اور اس سے دنیا کا کوئی کام نہیں لیا جائے گا۔ یہ نذر اس توقع پر مانی تھی کہ ان کے بیٹا پیدا ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے گھر کی خدمت کیلئے بیٹوں ہی کو وقف کیا جاتا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مشیت سے لڑکے کے بجائے ان کے لڑکی پیدا ہوئی جس پر انہیں بہت افسوس اور غم لاحق ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

(۲۴). فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَا اُنْثٰی. (آل عمران ۳۶)

پس جب لڑکی جنی تو (حسرت سے) کہنے لگیں۔ اے میرے ربّ العزت میں نے تو وہ حمل لڑکی جنی......

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بی بی مریم کی والدہ کو اس قدر عابدہ اور بلند مرتبہ ہونے کے باوجود غیب کا علم نہیں تھا اور ان کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ ان کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی۔

ابراھیم علیہ السلام کی زوجہ مطھرہ عالم الغیب نہ تھیں۔

سیدۃ نا سارہ علیہا السلام جو اسحاق علیہ السلام کی والدہ محترمہ تھیں۔ نہایت مقبول بندی تھیں لیکن جب فرشتے انسانی شکل میں ابراھیم علیہ السلام کے پاس آئے تو انہوں نے انسان سمجھا اور فوراً گھر جا کر ان کی مہمانی کا بندوبست کیا۔ اس لئے کہ کھانا پکانے کا کام سارہ بی بی ہی نے کیا ہوگا۔ یا کم از کم یہ چیز ان کے علم میں ضرور ہوگی کہ مہمانی کیلئے کھانا تیار ہو رہا ہے۔ اگر ان کو غیب کا علم ہوتا تو یہ چیز ان کے علم میں ہوتی کہ ابراھیم علیہ السلام جن مہمانوں کو انسان سمجھ کر ان کے لئے کھانا پکوار ہے وہ تو فرشتے ہیں انسان ہیں ہی نہیں اور وہ کھانا نہیں کھائیں گے تو وہ فوراً کھانا پکانے سے منع فرما دیتیں، دوم جب فرشتوں نے اپنے آپ کو ظاہر کر دیا اور ابراھیم کو بیٹے کی خوشخبری دی تو جب سارہ بی بی نے یہ بات سُنی تو انتہائی تعجب سے کہنے لگیں۔

یٰوَیْلَتٰی ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِیْ شَیْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عَجِیْبٌ. (سورۃ ھود ۷۲)

ہائے: وائے مجھ پر، اب میں بچہ جنوں گی بڑھیا ہوں اور یہ میرے میاں بالکل بوڑھے یہ تو عجیب بات ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو غیب کا علم نہیں تھا اور نہ یہ علم تھا کہ بڑھاپے میں ان کے بیٹا ہوگا۔

علم غیب کے متعلق چند احادیث۔

چند احادیث بغیر ترجمہ ذکر کرنا چاہتا ہوں اس لئے کہ رسالہ مختصر ہے اور ہر رسالہ بندہ کا مختصر ہوتا ہے۔

(۱). عن عائشةؓ قالت من اخبرک ان محمدﷺ يعلم الخمس التى قال الله تعالىٰ ان الله عنده عالم الساعة فقد اعظم الفرية (رواه البخارى و كذا فى مشكوٰة التبيان ص ۱۳۱)

(۲). وعن ام العلاء الانصارية قالت قال رسول الله ﷺ والله لاادرى و انا رسول الله مايفعل بى ولا بكم (رواه البخارى و مشكوٰة كذا فى تبيان ص ۱۳۱)

